”اللہ تبارک و تعالیٰ اہل جنت سے فرمائے گا: اے اہل جنت! جنتی جواب دیں گے : ہم حاضر ہیں اے ہمارے رب! تمام تر بھلائی تیرے ہی ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ پوچھے گا: کیا اب تم لوگ خوش ہو؟ وہ کہیں گے: بھلا ہم راضی کیوں نہ ہوں، جب کہ تو نے ہمیں وہ سب کچھ دے دیا ہے، جو اپنی مخلوق میں سے کسی آدمی کو نہیں دیا۔

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اللہ تبارک و تعالیٰ اہل جنت سے فرمائے گا: اے اہل جنت! جنتی جواب دیں گے : ہم حاضر ہیں اے ہمارے رب! تمام تر بھلائی تیرے ہی ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ پوچھے گا: کیا اب تم لوگ خوش ہو؟ وہ کہیں گے: بھلا ہم راضی کیوں نہ ہوں، جب کہ تو نے ہمیں وہ سب کچھ دے دیا ہے، جو اپنی مخلوق میں سے کسی آدمی کو نہیں دیا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں تمہیں اس سے بھی بہتر چیز دوں گا؟ جنتی کہیں گے: اے رب! اس سے بہتر اور کیا چیز ہوگی؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اب میں تمہارے اوپر اپنی رضا مندی کو نازل کروں گا، پھر اس کے بعد کبھی بھی تم پر ناراض نہیں ہوں گا"۔

[صحیح] [متفق علیہ]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ اہل جنت جب جنت میں ہوں گے، تو اللہ ان سے کہے گا: اے اہل جنت! وہ جواب دیں گے: ہم حاضر ہیں اے ہمارے رب! تمام تر بھلائی تیرے ہی ہاتھوں میں ہے۔ اللہ ان سے پوچھے گا : کیا اب تم خوش ہو؟ وہ جواب دیں گے: ہم بالکل خوش ہیں۔ بھلا ہم خوش کیوں نہ رہیں، جب کہ تو نے ہمیں وہ سب کچھ دے دیا ہے، جو تو نے اپنی کسی بھی مخلوق کو نہیں دیا ہے! یہ جواب سن کر اللہ سبحانہ کہے گا: کیا میں تمھیں اس سے بہتر چیز عطا نہ کروں؟ جنتی جواب دیں گے: اے میرے رب! اس سے بہتر چیز بھلا اور کیا ہو سکتی ہے؟ اللہ تعالی فرمائے گا: میں تمھیں اپنی دائمی رضامندی عطا کرتا ہوں، اس کے بعد میں تم سے کبھی بھی ناراض نہیں ہوں گا۔

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8343

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY